30 مارچ 2015ء

پریس ریلیز

جناب ریاض ریاض الدین نے ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا چارج سنبھال لیا

جناب ریاض ریاض الدین نے آج ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا چارج سنبھال لیا۔ وفاقی حکومت نے 28 مارچ 2015ء کو جناب ریاض الدین کے بطور ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک تقرر کا نوٹیفکیشن جاری کیا تھا۔تقرر کی مدت تین سال ہوگی جوان کے چارج سنبھالنے کی تاریخ سے شمار ہوگی۔

ڈپٹی گورنر کا چارج سنبھالنے سے قبل جناب ریاض الدین اسٹیٹ بینک کے اقتصادی مشیر اعلیٰ کے طور پر فرائض انجام دے رہے تھے اور بینک کے زری پالیسی گروپ کے شعبوں کی سربراہی کررہے تھے۔ جناب ریاض الدین مرکزی بینکاری کا لگ بھگ 20 برس کا تجربہ رکھتے ہیں۔ آپ 1994ء میں اسٹیٹ بینک سے وابستہ ہوئے۔ اس سے قبل آپ نے جامعہ کراچی کے اپلائیڈ اکنامکس ریسرچ سینٹر میں بطور اسسٹنٹ پروفیسر/ریسرچ اکانومسٹ ذمہ داریاں نبھائیں۔ جناب ریاض جامعہ کراچی اور بوسٹن یونیورسٹی، امریکہ سے شماریات، معاشیات اور اقتصادی پالیسی میں ماسٹرز کی سند رکھتے ہیں۔

آپ کے بھرپور تجربے میں آئی ایم ایف اور عالمی بینک سمیت مختلف بین الاقوامی اور کثیر فریقی ایجنسیوں کے حکام سے گفت وشنید شامل ہے۔ آپ آئی ایم ایف سے مذاکرات میں اسٹیٹ بینک کی ٹیکنیکل ٹیم کی قیادت اور پالیسی کی سطح کی بات چیت میں اسٹیٹ بینک کی نمائندگی کرتے رہے ہیں۔ آپ کے کریڈٹ پر متعدد تحقیقی کام ہیں جیسے فنانشل سیکٹر اسیسمنٹ رپورٹس، انفلیشن مانٹیر، ایس بی پی ریسرچ بلیٹن اور ایس بی پی ورکنگ پیپر سیریز۔

جناب ریاض الدین اسٹیٹ بینک کے انسانی وسائل کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دیتے رہے ہیں۔ بطور منتظم آپ کی کامیابیوں میں اسٹیٹ بینک کے تحقیقی کلسٹر کے شعبوں کی تشکیل نو اور ٹیم سازی شامل ہے جس سے معاشی حالات کے جائزے اور زری پالیسی کی تشکیل سے متعلق زیادہ بھرپور تجزیے کرنے میں مدد ملی ہے۔

اپنے متنوع تجربے کے طفیل جناب ریاض الدین معاشیات، بینکاری اور مالیات کے باہم مربوط شعبوں میں تحقیق، تدریس اور تربیت کو برتنے کی مہارت رکھتے ہیں۔ اس تجربے کے ساتھ آپ معاشی منصوبہ بندی، آپریشنز ریسرچ، اکانومیٹرکس، ترقیاتی معاشیات، آبادیاتی تجزیے، بایواسٹیٹسٹکس وغیرہ جیسے شعبوں کا گوناگوں علم بھی رکھتے ہیں جس کی بنا پر آپ میں نہ صرف پبلک پالیسی کے مسائل کا تجزیہ کرنے کی منفرد صلاحیت ہے بلکہ آپ ان مسائل کو سادہ، جامع اور سلیس شکل میں پیش کرنے پر بھی قادر ہیں۔

جناب ریاض مختلف فورموں پر اسٹیٹ بینک کی نمائندگی کرتے رہے ہیں جیسے چیئرمین ورکنگ گروپ آن مانیٹری پالیسی اینڈ فنانشل سیکٹر ڈویلپمنٹ اور ڈائریکٹر نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف بینکنگ اینڈ فنانس (نباف)۔ ان کے علاوہ آپ حکومت پاکستان کے تشکیل کردہ پینل آف اکانومسٹس، نیشنل اکاؤنٹس آف دی فیڈرل بیورو آف اسٹیٹسٹکس کی ٹیکنیکل کمیٹی، فیڈرل بیورو آف اسٹیٹسٹکس کی صارف اشاریہ قیمت کی ٹیکنیکل کمیٹی اور حکومت پاکستان کا تشکیل کردہ ورکنگ گروپ آن ایکسٹرنل سیکٹر کے رکن بھی رہے ہیں۔

جناب ریاض الدین نے مختلف کانفرنسوں اور سیمیناروں میں متعدد تحقیقی مقالے پیش کیے ہیں اور آپ کی تحقیق قومی اور بین الاقوامی سطح پر کئی جرائد میں شائع ہو چکی ہے۔

***